# قرآن پاک بغیر ترجمہ کے پڑھنا

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا قرآن پاک بغیر ترجمہ کے پڑھ سکتے ہیں؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

ترجمے کے بغیر بھی قرآن پاک پڑھنا باعثِ اجرو ثواب اور بہت سی فضیلتوں کے حصول کا ذریعہ ہے، حدیث پاک کے مطابق "الم" پڑھنے پر تیس نیکیاں ملتی ہیں، حالانکہ اس کا ترجمہ معلوم نہیں، لہٰذا بغیر ترجمے کے بھی قرآن پاک پڑھ سکتے ہیں، اورعام نمازوں اور نماز تراویح، خطبات وغیرہ کئی مقامات پر بغیر ترجمے کے ہی قرآن پاک پڑھا جاتا ہے اور یہ یقینا باعث ثواب و برکت بھی ہے۔

حدیثِ مبارک میں ہے "من قرأ حرفا من كتاب الله فله به حسنة، والحسنة بعشر أمثالها، لا أقول الم حرف، ولكن ألف حرف ولام حرف وميم حرف" ترجمہ: جس شخص نے کتاب اللہ (قرآنِ مجید) کا ایک حرف پڑھا، اسے اس کی برکت سے ایک نیکی دی جاتی ہے اور ایک نیکی دس نیکیوں کی مثل ہے، میں یہ نہیں کہتا کہ "الم" ایک حرف ہے، بلکہ الف الگ حرف ہے، لام الگ اور میم بھی علیحدہ سے ایک حرف ہے۔ (سنن الترمذی، جلد5، صفحہ175، حدیث: 2910، مطبوعہ: مصر)

بہار شریعت میں ہے "قرآن مجید دیکھ کر پڑھنا، زبانی پڑھنے سے افضل ہے کہ یہ پڑھنا بھی ہے اور دیکھنا اور ہاتھ سے اس کا چھونا بھی اور سب عبادت ہیں۔" (بہار شریعت، جلد1، حصہ3، صفحہ550، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا عبدالرب شاکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4347

**تاریخ اجراء:** 24ربیع الآخر1447ھ/18اکتوبر2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net